# فلیمون کے نام پولُس رسُول کا خط

پولس کی جانب سے جو مسیح یسوع کا قیدی ہے اور ہمارے
بھائی تیمتھیس کی طرف سے
ہمارے عزیز دوست فلیمون اور اس کے ساتھ کام کرنے
والوں کو سلام ۔ ۲ اور افیہ ہماری بہن اور ہمارا ساتھی ہم سپاہ
ارخپُس اور تمہارے گھر میں جمع ہونے والے کلیسا کے نام۔
۳ خدا ہمارے باپ اور خداوند یسوع مسیح کا فضل اور سلامتی
تم پر ہو۔

## فلیمون کی محبت اور ایمان

۴ میں اپنی دعاؤں میں تمہیں یاد کرتا ہوں اور ہمیشہ تمہارے
لئے خُدا کا شکر ادا کرتا ہوں ۔ ۵ میں تُمہاری محبت کے متعلق سنتا
ہوں جو تُم خُدا کے مقدس لوگوں کے لئے رکھتے ہو اور خُداوند یسوع
میں تُمہارا ایمان ہے وہ بھی سنتا ہوں۔ ۶ میں دعا کرتا ہوں کہ جس
ایمان میں ہم ساتھ حصّہ لیتے ہیں ہماری تمام اچھی چیزیں جو خُداوند
یسوع میں رکھتے ہیں اس کے سمجھنے میں تمہاری مدد کرسکتے ہیں۔ ۷
میرے بھائی! تُم نے اپنی محبّت جو خُدا کے لوگوں کے لئے کی
ہے اس کو بتا یا ہے تم نے انہیں خُوش کیا ہے جس سے مُجھے
بھی بہت خُوشی ملی اور ہمّت بندھی ہے۔

## اُنیمس کو بھائی کی طرح قبول کرو

۸ کچھ نہ کچھ اس جگہ تم کو کرنا چاہئے ۔ مسیح میں یقین محسوس
کرتے ہوئے تم کو وہ کرنے کا حکم دیتا ہوں۔ ۹ لیکن حقیقت میں
تمہیں حکم نہیں دے رہا ہوں بلکہ محبت کے نام پر میں
التجا کررہا ہوں کہ تم کچھ کرو۔ میں پولس ہوں ، میں بوڑھا ہو گیا ہوں
اور میں مسیح یسوع کا قیدی ہوں۔ ۱۰ میں اپنے فرزند اُنیمس کی
بابت جو قید کی حالت میں مجھ سے پیدا ہوا تجھ سے التماس کرتا ہوں
- ۱۱ پہلے وہ تمہارے لئے بے کار تھا لیکن اب وہ ہم دونوں کے
لئے کار آمد ہے۔
۱۲ میں اسے تمہارے پاس واپس بھیج رہا ہوں اس کے
ساتھ میں اپنا دل بھیج رہا ہوں۔ ۱۳ اسکو میرے ساتھ تمہاری
جانب سے میری مدد کے لئے رکھنے کو ترجیح دیتا ہوں جبکہ میں
انجیل کے لئے قید میں ڈالا گیا ہوں۔ ۱۴ لیکن تیری مرضی کے
بغیر میں کچھ کرنا نہیں چاہتا تاکہ تیرا نیک کام لاچاری سے نہیں
بلکہ خوشی سے ہو۔
۱۵ اُنیمس تھوڑے وقت کے لئے تم سے دور ہوا ہو گا
تاکہ ہمیشہ تمہارے پاس رہے ۔ ۱۶ مگر اب اُسے غلام کی
طرح نہیں بلکہ غلام سے بہتر ہو کر یعنی ایسے بھائی کی طرح
رہے جو جسم میں بھی اور خداوند میں بھی میرا نہایت عزیز اور
تیرا اِس سے بھی کہیں زیادہ۔
۱۷ اگر تم مجھے ایک ساجھے دار کی طرح سمجھتے ہو تو
اُنیمس کو واپس قبول کرو جس طرح تم میری خاطر کرتے ہو
اسی طرح اس کی بھی خاطر کرو۔ ۱۸ اگر وہ کچھ تیرے خلاف
کرے یا اگر وہ تجھے کُچھ رقم باقی ہو وہ میرے حساب میں ڈال
دے۔ ۱۹ میں پولس ہوں اور یہ خط میں خُود اپنے ہاتھ سے
لکھ رہا ہوں اگر اُنیمس کو کچھ رقم باقی ہو تو میں اس کو ادا
کروں گا اور میں تم سے کچھ نہیں کہوں گا تمہاری اپنی زندگی
میں تم میرے مقروض ہو۔ ۲۰ ہاں میرے بھائی! میں تم
سے پوچھتا ہوں کہ خداوند میں کچھ تو میرے لئے کرو مسیح میں

میرے دل کو آرام دو۔ ۲۱ میں یقین میں یہ خط لکھ رہا ہوں
کہ جو کچھ کہتا ہوں تم وہ کرو گے اور میں جانتا ہوں کہ جو میں
نے کہا ہے تم اس سے بھی زیادہ کرو گے۔
۲۲ اور براہ کرم میرے رہنے کے لئے ایک کمرہ تیار رکھو
مجھے امید ہے خدا تمہاری دعاؤں کو سن لے گا اور میں تمہارے پاس
آنے کے قابل ہوں گا۔

### آخری سلام

۲۳ اپفراس بھی میری طرح ایک قیدی ہے وہ تمہیں مسیح
یسوع میں سلام کہتا ہے۔ ۲۴ اور مرقس، ارسترخُس، دیماس اور
لوقا بھی جو میرے ساتھ کام کر رہے ہیں تمہیں سلام کہتے
ہیں۔ ۲۵ ہمارے خداوند یسوع مسیح کا فضل تمہاری روح پر ہوتا
رہے۔ آمین۔

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**

- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from:
http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from:
http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html